حکومتِ پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، 9 اپریل، 2025

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

SRO-579(I)/2025 انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX آف 2001) کی دفعہ 53 کی ذیلی دفعہ (2) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، بورڈ، وفاقی وزیرِ انچارج کی منظوری سے، جو کہ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے کیس نمبر ECC-381/06/2025 مؤرخہ 20.02.2025 کی منظوری اور وفاقی کابینہ کی جانب سے کیس نمبر 110/10/2025 مؤرخہ 11.03.2025 کی توثیق کے بعد دی گئی، یہ ہدایت دیتا ہے کہ مذکورہ آرڈیننس کے سیکنڈ شیڈول میں درج ذیل مزید ترمیم کی جائے گی:

مذکورہ شیڈول کے حصہ اول میں، حذف شدہ شق (98A) کے بعد درج ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:

(98AA) "کوئی بھی آمدن جو ICC بزنس کارپوریشن (IBC)، یا انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (ICC)، یا IBC اور ICC کے ملازمین، عہدیداران، ایجنٹس اور نمائندگان، ICC ممبران کے عہدیداران، کھلاڑی، کوچز، میڈیکل ڈاکٹرز اور رکن ممالک کے عہدیداران، IBC کے پارٹنرز اور میڈیا نمائندگان (ماسوائے پاکستان کے رہائشی افراد) کو پاکستان میں منعقد ہونے والی ICC چیمپیئنز ٹرافی 2025، سے حاصل ہو۔"

[فائل نمبر: 1(87)SS(ITP)/2021]

(نوید اختر)

سیکریٹری (انکم ٹیکس بجٹ)